سوال

(307) ان عورتوں کا حکم جنھوں نے دوسرا رمضان آنے تک گزشتہ رمضان کی قضا نہیں کی

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

بعض عورتوں پر دوسرا رمضان داخل ہوجاتا ہے اور انھوں نے ابھی پہلے رمضان کے دنوں کی قضا پوری نہیں کی ہوتی ان پر کیا واجب ہے ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان پر اس عمل کی وجہ سے اللہ کے ہاں توبہ کرنا واجب ہے کیونکہ جس پر رمضان کی قضا واجب ہو اس کے لیے جائز نہیں ہے کہ وہ بلاعذر اس کو دوسرے رمضان تک موخر کردے دلیل اس کی عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا کا یہ قول ہے

"مجھ پر رمضان کے روزوں کی قضا باقی ہوتی تو میں اس کو شعبان سے پہلے قضا کرنے کی طاقت نہ رکھتی۔"

یہ قول اس بات کی دلیل ہے کہ قضا کو دوسرے رمضان تک مؤخر کیا جا سکتا ہے لہٰذا اس عورت پر لازم ہے کہ وہ اپنے اس عمل پر اللہ عزوجل کے ہاں توبہ کرے اور دوسرے رمضان کے بعد چھوڑے ہوئے دنوں کی قضا پوری کرے۔ (فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح العثیمین رحمۃ اللہ علیہ)

ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب

عورتوں کے لیے صرف

صفحہ نمبر 274

محدث فتویٰ